NEHRU BAL PUSTAKALAYA

پانی ہی پانی

روی پرانجپے



پانی ہی پانی


روی پرانجپے

مترجم


ایس، اے، رحمٰن



نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا



دیکھو، آسمان پر بادل چھا گئے ہیں۔



لو، بارش بھی ہونے لگی۔ رامو نے جوہڑ میں اکٹھے ہونے والے پانی میں کاغذ کی ناؤ تیرا دی ہے۔



بارش تیز ہوتی جارہی ہے۔ ناؤ بھی بڑی ہوگئی ہے۔




رامو ناؤ میں سوار ہوگیا ہے۔



چاروں طرف پانی ہی پانی ہے۔ مکانوں میں پانی بھر گیا ہے۔







رامو کی ناؤ ایک آبشار کے پاس سے گزری۔



پھر ایک خوبصورت باغ میں پہنچی۔




اب رامو کی ناؤ ایک ریگستان کے پاس سے گزر رہی ہے۔ ریگستان میں پانی زیادہ نہیں ہے۔




یہاں سب پیاسے ہیں — لوگ ، جانور اور زمین بھی ۔




رامو کی ناؤ ایک کھاڑی میں سے ہوکر گزرتی ہے۔ دیکھو، کناروں پر نمک جما ہوا ہے۔



لیجیے، سمندر بھی آگیا — کیا زبردست موجیں ہیں!



ایک مچھیرا مچھلیاں پکڑ رہا ہے۔



رامو اپنی ناؤ میں سوار ہوتا ہے اور گھر واپس جاتا ہے۔






گھر واپس آکر وہ نہاتا دھوتا ہے اور سونے کے لیے بستر پر لیٹ جاتا ہے۔



Printed at Thomson Press, Faridabad



قیمت : 6.50

نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا